O

ہر مشکل میں ہنس دینا بھی خیر ضروری چیز نہیں
رُک جانا، ستا لینا بھی غیر ضروری چیز نہیں

لوگ یہاں چھوٹی سی رنجش پر بھی جاں لے لیتے ہیں
آپس میں کوئی جدّی پُشتی بیر ضروری چیز نہیں

تھکنے والے پیروں کی تکلیف سے بھی رُک سکتے ہیں
چلتے رہنا چاہیں تو پھر پیر ضروری چیز نہیں

اپنے اندر بھی اِک عالم ہے جس میں پھِر سکتے ہیں
فہم کی خاطر دنیا بھر کی سیر ضروری چیز نہیں

نفسا نفسی، نفس پرستی ہر کوشش کا منبع ہیں
چلو عماد اب اس بستی میں خیر ضروری چیز نہیں

https://emad-ahmad.com/